نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت کسان کارڈ کی رجسٹریشن کیلئے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

لاہور: 24 مئی 2024: وزیراعلیٰ پنجاب کسانوں کی فلاح کیلئے پرعزم ہیں۔کاشتکاروں کی فلاح کیلئے بینک آف پنجاب اورمحکمہ زراعت کے باہمی اشتراک سے بلاسود پیداواری قرضہ جات کی فراہمی کی جائے گی۔ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت افتخار علی سہو نے کسان کارڈ کی رجسٹریشن کیلئے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔انھوں نے کہا کہ کسان کارڈ کے استعمال کیلئے پیسٹی سائیڈز اورفرٹیلائزرڈیلرز کی رجسٹریشن کی جارہی ہے۔آسان اور بلاسود قرضہ جات کی فراہمی کیلئے صوبہ بھر میں کاشتکاروں کیلئے کسان کارڈ کی رجسٹریشن کا یکم جون 2024 سے آغاز کیا جارہا ہے۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ 300 ارب روپے کی لاگت سے بلاسود آسان قرضوں کی سکیم شفاف انداز میں لانچ کی جارہی ہے۔اس سکیم کے تحت کاشتکاروں کو 1 لاکھ 50 ہزار روپے تک بلاسود قرض حاصل کرسکیں گے۔اس سکیم کیلئے 1 تا 12.5 ایکڑ زمین رکھنے والے کاشتکار اہل ہوں گے۔کسانوں کی آسانی کومدِنظر رکھتے ہوئے بذریعہ ایس ایم ایس کسان کارڈ کی فراہمی کی جائے گی۔اس سکیم سے 5 لاکھ کاشتکار مستفید ہوں گے۔کسان کارڈ کے ذریعے کھاد اور بیج کی مقرر کردہ قیمتوں کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔آسان قرض کے حصول کیلئے رجسٹریشن کے آغاز ہونے کے بعد کاشتکار اپنے موبائل سے kcc<space> شناختی کارڈ نمبر 8070 پر بھجیں گے۔کاشتکار کی زمین کا ریکارڈ پنجاب لینڈ ریونیو اتھارٹی میں موجود ہونا لازمی ہوگا۔کاشتکار کے شناختی کارڈ پر موبائل سم رجسٹرڈ ہونی چاہیے۔انھوں نے کہا کہ اس سکیم کے تحت کاشتکار 6 ماہ کے اندر اپنا قرض واپس کرنے کا پابند ہوگا۔اجلاس میں اسپشل سیکرٹری زراعت شہنشاہ فیصل عظیم،ایڈیشنل سیکرٹری زراعت پلاننگ کیپٹن (ر) وقاص رشید،ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان اور ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت بینک آف پنجاب کے نمائندگان نے شرکت کی۔

☆☆☆☆